سبق : ۱۶

چوہے کی مزدوری



بہت پہلے کی بات ہے۔ اس وقت دھان نہیں پایا جاتا تھا۔ سب سے پہلے آدمی نے دھان کا پودا ایک تالاب کے بیچ میں دیکھا۔ دھان کی بالیاں جھوم جھوم کر جیسے آدمی کو بلا رہی تھیں۔ لیکن گہرے پانی کی وجہ سے دھان تک پہنچنا مشکل تھا۔ وہ شخص ابھی سوچ ہی رہا تھا کہ وہیں پر ایک چوہا دکھائی دیا۔ انھوں نے چوہے کو پاس بلایا اور کہا ''چوہا بھائی! تالاب کے بیچ میں دھان کی اُن پیاری بالیوں کو دیکھو، وہ جھوم جھوم کر مجھے بلا رہی ہیں لیکن پانی گہرا ہے۔ اگر تم انھیں ہمارے لیے لا دو تو ہم تمھیں اس کی مزدوری دیں گے۔

چوہے کو بھلا کیا اعتراض ہوسکتا تھا وہ سرسر تیرتا ہوا گیا اور بالیوں کو دانتوں سے کتر کتر کر کنارے پر لانے لگا۔ تھوڑی دیر میں کنارے پر دھان کی بالیوں کا ڈھیر لگ گیا۔ تب آدمی نے خوش ہوکر کہا چوہا بھائی! تم اس میں سے اپنی مزدوری کا حصہ خود لے لو۔

چوہے نے کہا: بھائی میرے! میں ٹھہرا چھوٹی جان۔ میرا سر بھی چھوٹا ہے۔ اپنا

حصہ اس چھوٹے سے سر پر ڈھو کر کیسے لے جاؤں گا۔ اس لیے اچھا تو یہ ہوگا کہ تم یہ پورا دھان اپنے گھر لے جاؤ اور میں تمھارے گھر پر ہی آکر اپنے حصے کا تھوڑا دھان کھالیا کروں گا۔

آدمی نے ایسا ہی کیا اور تبھی سے چوہا آدمی کے گھر دھان کھاتا چلا آ رہا ہے۔

☆☆☆

پڑھیے اور سمجھیے:



مشق

سوچیے اور جواب دیجیے:

- سب سے پہلے آدمی نے دھان کہاں دیکھا؟
- دھان کو تالاب کے کنارے کون لایا؟
- چوہے نے مزدوری کیوں نہیں لی؟
- کھیتوں میں دھان کے علاوہ اور کون کون سی فصل ہوتی ہے؟

فعل کی پہچان کیجیے اور اس پر دائرہ بنائیے:

- دھان کی بالیاں جھوم جھوم کر جیسے آدمی کو بلا رہی تھیں۔
- اگر تم انھیں ہمارے لیے لا دو تو ہم اس کی مزدوری دے دیں گے۔
- چوہے کو بھلا کیا اعتراض ہو سکتا تھا؟۔ وہ سر سر تیر گیا۔
- میں تمھارے گھر پر ہی آ کر اپنے حصے کا تھوڑا سا دھان کھا لیا کروں گا۔
- تبھی سے چوہا آدمی کے گھر دھان کھاتا چلا آ رہا ہے۔

ایسے دس الفاظ لکھیے جس کے آخر میں "ن" ہو۔ جیسے دھان۔

....

....

چوہے پر پانچ جملے لکھیے۔

....

....

....

....

ایسے الفاظ بنایئے جس میں ''چ'' کو مختلف انداز سے لکھتے ہیں۔

آخر میں	بیچ میں	مثال: شروع میں
پیچ	پہنچنا	چوہا
....	....	....
....	....	....
....	....	....
....	....	....
....	....	....